© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۵۷)

☆ صدر ادارۂ تحقیق و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ' کو علمی حلقوں میں بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ انگریزی اور مراٹھی میں اس کا ترجمہ ہو گیا تھا۔ مراٹھی ترجمے کا دوسرا ایڈیشن حال میں اسلامی مراٹھی پبلی کیشنز ٹرسٹ ممبئی سے شائع ہوا ہے۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت -/۱۰۰ روپے۔

☆ مولانا کی ایک دوسری کتاب 'غیر اسلامی ریاست اور مسلمان' کا تمل اور کنٹر میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ حال میں اس کا تلگو ترجمہ تلگو اسلامک پبلی کیشنز ٹرسٹ حیدر آباد نے اہتمام سے شائع کیا ہے۔ صفحات ۷۲، قیمت -/۵۰ روپے۔

☆ مولانا عمری نے یکم شوال ۱۴۳۶ھ/ ۱۸ر جولائی ۲۰۱۵ء کو مسجد اشاعت اسلام نئی دہلی میں عید الفطر کا جو خطبہ دیا تھا اس کی دیدہ زیب طباعت مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے ہو گئی تھی۔ صفحات: ۱۲، قیمت -/۱۲ روپے۔ اب جماعت اسلامی ہند حلقہ تلنگانہ و اوڈیشہ کی طلب پر پانچ ہزار کی تعداد میں اسے مولانا کی نظر ثانی کے بعد دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔

☆ معاون مدیر ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب 'اکیسویں صدی کے سماجی مسائل اور اسلام' ادارۂ تحقیق کے منصوبے کے تحت تیار ہوئی تھی اور مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے اس کی اشاعت عمل میں آئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان میں مکتبہ قاسم العلوم لاہور نے اسے شائع کر دیا ہے۔

☆ ماہ نامہ زندگی نو نئی دہلی میں 'رسائل و مسایل' کے عنوان کے تحت فقہی و علمی سوالات کے جو جوابات ڈاکٹر ندوی کے قلم سے شائع ہوتے ہیں، ان کا مجموعہ عرصہ ہوا 'زندگی کے عام فقہی مسایل' کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے تین حصوں میں شائع ہوا تھا۔ اب اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی سے بھی ان کی اشاعت ہو گئی ہے۔

☆ ادارہ علوم القرآن علی گڑھ ہر سال عصری اہمیت کے حامل کسی موضوع پر سمینار منعقد کرتا ہے۔ اس سال یہ سمینار ۲۰-۲۱ر ستمبر ۲۰۱۵ء کو 'مسلمانوں اور غیر مسلموں کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درمیان ربط وتعاون کی بنیادیں – قرآن مجید کی روشنی میں‘ کے مرکزی موضوع پر منعقد ہوا۔ مولانا سید جلال الدین عمری نے اس کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کی اور صدارتی خطبہ دیا۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی نے ’دیگر ادیان کے احترام سے متعلق قرآنی ہدایات‘ کے موضوع پر اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے ’قرآن کریم میں اہل کتاب کی تحسین‘ کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ ارکانِ ادارہ مولانا ضمیر الحسن فلاحی اور مولانا کمال اختر قاسمی نے بھی بالترتیب ’غیر مسلموں سے عام انسانی تعلقات اور قرآنی تعلیمات‘ اور ’بین الاقوامی مذاکرات کا قرآنی منہج‘ کے عناوین پر مقالے پڑھے۔

☆ مولانا عمری نے ۲۱؍ستمبر ۲۰۱۵ء کو سراج العلوم نسواں کالج علی گڑھ کی مجلس منتظمہ کے اجلاس میں شرکت کی۔ ان کے ساتھ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی اور جناب محمد احمد، سکریٹری ملکی وملّی مسائل جماعت اسلامی ہند بھی شریکِ اجلاس ہوئے۔ اس موقع پر مولانا عمری ادارۂ تحقیق بھی تشریف لے گئے اور اس کے ارکان اور زیر تربیت اسکالرس کے ساتھ ایک نشست کی، ان کے علمی کاموں کا جائزہ لیا اور مطالعہ وتحقیق کے سلسلے میں قیمتی مشورے دیے۔ مسلم یونی ورسٹی ایریا کی مقامی جماعت کے ارکان و وابستگان کے ساتھ بھی نشست ہوئی جس میں مولانا نے خطاب فرمایا۔

☆ مورخہ ۳۰؍ستمبر ۲۰۱۵ء کو ادارہ کے کانفرنس ہال میں معروف اسلامی اسکالر اور ماہر معاشیات پروفیسر عبد العظیم اصلاحی (کنگ عبد العزیز یونیورسٹی، جدہ، سعودی عرب) نے ’اسلامی معاشیات – چند قابل غور پہلو‘ (Gaps in Islamic Economics) کے موضوع پر توسیعی خطبہ پیش کیا۔ صدارت کے فرائض پروفیسر ولید احمد انصاری (چیرمین ڈپاٹمنٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، اے، ایم، یو علی گڑھ) نے انجام دیئے۔ اہل علم کی معتد بہ تعداد نے پروگرام میں شرکت کی۔ آخر میں سکریٹری ادارہ نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

☆ مورخہ ۱۷؍ستمبر ۲۰۱۵ء کو ادارہ کے اسکالرس کی علمی انجمن ’رائٹرس فورم‘ کا ایک پروگرام منعقد ہوا، جس میں ادارہ کے اسکالر محمد طارق اعظم قاسمی نے ’ذہنی تناؤ: اسباب، نتائج اور حل‘ کے عنوان سے اپنا مقالہ پیش کیا۔ رکن ادارہ ونگراں فورم مولانا ضمیر الحسن فلاحی نے پروگرام کی صدارت کی۔ آخر میں شرکاء کو اظہار خیال اور سوالات کا موقع دیا گیا۔ پروگرام میں وابستگانِ ادارہ کے علاوہ یونی ورسٹی کے متعدد ریسرچ اسکالر شریک تھے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# فہرست مضامین سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی علی گڑھ، جلد ۳۴، ۲۰۱۵ء



| مضامین | مضمون نگاران | شمارہ | صفحات |
|---|---|---|---|
| **حرف آغاز** | | | |
| سیرتِ نبوی اور اس کے مآخذ | سید جلال الدین عمری | ۱ | ۵–۱۲ |
| تہذیب وسیاست کی تعمیر میں اسلام کا کردار | سید جلال الدین عمری | ۲ | ۱۳۳–۱۴۴ |
| انسانی حقوق اور اسلام | سید جلال الدین عمری | ۳ | ۲۶۱–۲۶۹ |
| عصر حاضر میں دعوت دین کی اہمیت اور اس کا طریقۂ کار | سید جلال الدین عمری | ۴ | ۳۸۹–۴۰۰ |
| **تحقیق وتنقید** | | | |
| اسلام کی حفاظت واشاعت میں نجاشی کا کردار | پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی | ۱ | ۱۳–۲۹ |
| قانون سازی میں عدلیہ کا کردار | ڈاکٹر مقبول حسن | ۲ | ۱۴۵–۱۵۵ |
| حضرات عمرو بن العاصؓ، خالد بن ولیدؓ اور عثمان بن طلحہؓ کا قبول اسلام | پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی | ۳ | ۲۷۱–۲۹۸ |
| شاہ ولی اللہؒ کے تفسیری مآخذ | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۳ | ۲۹۹–۳۱۲ |
| مصحف عثمانی کی تدوین: چند تحقیق طلب سوالات | مولانا محمد عمار خاں ناصر | ۴ | ۴۰۱–۴۲۶ |
| تدوینِ قرآن مجید کی روایات کا تجزیہ | پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی | ۴ | ۴۲۷–۴۳۷ |
| **بحث ونظر** | | | |
| شہریت کا مسئلہ — اسلامی نقطۂ نظر | مولانا اختر امام عادل قاسمی | ۱ | ۳۱–۶۲ |
| سرکاری مناصب وذرائع کا استعمال تعلیماتِ نبوی کی روشنی میں | جناب عبد المہیمن | ۱ | ۶۳–۷۸ |
| تکثیری معاشرہ کے لیے قرآنی ہدایات | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۲ | ۱۵۷–۱۸۰ |
| حکومت کے ذرائع آمدنی اور ان کی تحصیل کے بنیادی اصول | ڈاکٹر سعدیہ گلزار | ۲ | ۱۸۱–۲۰۰ |
| مغربی اور اسلامی تہذیبوں میں عورت کا مقام | محترمہ نجم السحر | ۲ | ۲۰۱–۲۱۲ |
| کلام اقبال میں تصور معیشت | ڈاکٹر علی محمد | ۲ | ۲۱۳–۲۲۸ |
| فتویٰ نویسی کا تاریخی ارتقاء | پروفیسر محمد انس حسان | ۳ | ۳۱۳–۳۲۶ |
| مولانا ابو الکلام آزاد اور نظمِ قرآن | ڈاکٹر نشا حلیم | ۳ | ۳۲۷–۳۴۰ |





© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| عہدِ نبوی میں یمن میں اشاعت اسلام | حافظ محمد سرفراز غنی | ۴ | ۴۳۹—۴۵۶ |
| **سیر وسوانح** | | | |
| ابن سید الناس اور ان کی کتاب سیرت | حافظ صبیحہ منیر | ۱ | ۷۹—۹۴ |
| سید شریف رضی اور ان کی کتاب 'نہج البلاغۃ' | جناب ابوطلحہ | ۲ | ۲۲۹—۲۴۱ |
| حضرت عروہ بن زبیر — اولین سیرت نگار | حافظ عبد الغفار | ۳ | ۳۴۱—۳۶۴ |
| مولانا محمد قاسم نانوتوی اور حاشیۂ صحیح بخاری | ڈاکٹر محمد سلیم | ۴ | ۴۵۷—۴۷۲ |
| **ترجمہ وتلخیص** | | | |
| مولانا فراہیؒ کی تفسیر سورۂ فیل | شیخ عبد الرحمن المعلمی الیمانی | | |
| ایک تنقیدی جائزہ | مترجم: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۱ | ۹۵—۱۱۶ |
| تفسیر المبصر لنور القرآن — ایک تعارف | ڈاکٹر عفاف عبد الغفور حمید | ۴ | ۴۷۳—۴۹۴ |
| | مترجم: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | | |
| **تعارف وتبصرہ** | | | |
| مالیاتی نظام کا قیام | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۱ | ۱۱۷—× |
| عرفانِ شبلی | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۱ | ۱۱۸—× |
| شعاعِ نوا | محمد رضوان خاں | ۱ | ۱۱۹—× |
| قرآنی مطالعات | مولانا جرجیس کریمی | ۲ | ۲۴۰—۲۳۹ |
| مسلم اسپین (تہذیبی وثقافتی تاریخ) | جناب اسامہ شعیب | ۲ | ۲۴۱—۲۴۲ |
| عہدِ اورنگ زیب میں علماء کی خدمات | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۲ | ۲۴۲—۲۴۴ |
| فکر کی غلطی | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۲ | ۲۴۴—۲۴۵ |
| دینی رسائل کے اشاریے | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۲ | ۲۴۵—۲۴۶ |
| عصری عائلی مسائل اور دینی تعلیمات | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۳ | ۳۶۵—۳۶۶ |
| قادیانی مسئلہ (تدوینِ نو) | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۳ | ۳۶۷—۳۶۹ |
| عصر حاضر کے پُر فریب نعرے | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۳ | ۳۷۰—× |
| مولانا ضیاء الدین اصلاحیؒ: حیات وخدمات | جناب اسامہ شعیب | ۳ | ۳۷۱—۳۷۲ |
| سہ ماہی مجلہ تعلیم وتحقیق اسلام آباد | جناب محمد رضوان خاں | ۳ | ۳۷۲—۳۷۳ |
| تحقیقات مسائل میراث | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۴ | ۴۹۵—۴۹۶ |
| دستاویزاتِ مشاورت | محمد علم اللہ | ۴ | ۴۹۶—۴۹۸ |
| خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی ۵۴ | | ۱ | ۱۲۰—× |
| خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی ۵۵ | | ۲ | ۲۴۷—۲۴۸ |
| خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی ۵۶ | | ۳ | ۳۷۵—۳۷۶ |
| خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی ۵۷ | | ۴ | ۴۹۹—۵۰۰ |




© rasailojaraid.com